# مطبوعات

**تدبر** زیر نگرانی: مولانا امین احسن اصلاحی؛ ترتیب کے لیے مولانا اصلاحی سمیت ۵ اصحاب پر مشتمل مجلس۔
ناشر: ادارۂ تدبر قرآن و حدیث۔ رحمن اسٹریٹ، مسلم کالونی، سمن آباد، لاہور۔
صفحات: ۴۸۔ کاغذ سفید، ٹائیٹل سادہ یک رنگ، کتابت و طباعت مناسب۔ قیمت: ۳/- روپے

نہیں کہا جا سکتا کہ یہ کوئی ماہانہ رسالہ ہے یا محض ایک سلسلۂ مطبوعات۔ بہرحال سلسلہ نمبر ۱ اور ماہ جولائی ۱۹۸۱ء کا اس پر اندراج ہے۔

مولانا اصلاحی نامور عالم دین اور مفسر ہیں۔ انہوں نے تفسیر تدبر قرآن لکھی ہے۔ جس کے اساسی خطوطِ امتیاز کا تعلق مولانا حمید الدین فراہی مرحوم کے طرزِ فکر سے ہے۔ انہوں نے قرآن کے فہم کے لیے نظم قرآن کے شعور کو لازم ٹھہرایا۔ نظم کے مسئلے میں وہ اتنی گہرائی تک گئے کہ سورتوں کا تعلق سورتوں سے، آیتوں کا آیتوں سے اور لفظوں کا لفظوں سے اپنے خاص اسلوب سے واضح کیا۔ نظمِ قرآن کے متعلق پہلے بھی علماء و مفسرین نے بہت کچھ لکھا ہے اور مجموعی طور پر سبھی تسلیم کرتے ہیں کہ نظم ہر بامعنی کلام میں ہوتا ہے۔ مگر مولانا فراہی نظمِ قرآن کے ایک مستقل اسکول کے مؤسس تھے۔ اور مولانا اصلاحی، فراہی اساسیاتِ فکر پر تعمیرِ مزید کر رہے ہیں۔ اسی مقصد کے لیے رسالہ تدبر کا اجرا بھی بہت اچھے عزائم سے ہوا ہے۔

ہم جیسے عامیوں کے لیے متذکرہ دونوں بزرگوں کے فکر کی بلندی اور علم کی گہرائی خاصی ہمت آزما ہے۔ لہٰذا ان کی پروازوں اور عوامیوں سے ہم مستفید تو ہو سکتے ہیں، مبصر و ناقد نہیں ہو سکتے۔

خدا کرے کہ ان کا کام دین کے لیے مفید ہو، وہی اس کام سے متاثر نوجوانوں کو اس قابل بنائے کہ وہ غلبۂ باطل کے اس دور میں دعوتِ حق کو ایک بار پھر دنیا کے لیے چیلنج بنا دیں اور ملت میں بھی اقامتِ دین کے لیے وہی وحدتِ نظم پیدا ہو سکے جو قرآن میں ہے۔

بطور نام "تدبر" کا انتخاب اچھا ہے۔ اس سے فوری طور پر اُس طرزِ فکر کی طرف توجہ منعطف ہو جاتی ہے جو متعلقہ ادارے کا ہے۔

---

**نقشِ اقبال**
مرتب: خالد حامدی
ناشر: ادارۂ شہادتِ حق
۸۰۱، جامع مسجد دہلی ۶
قیمت: -/۱۰ روپے

نیوز پرنٹ پر اچھی چھپی ہوئی پونے تین سو صفحات سے زائد کی یہ کتاب قیمت میں بہت ارزاں ہے۔ مرتب نے اقبال کے متعلق مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ، پروفیسر رشید احمد صدیقی، مولانا سعید احمد اکبرآبادی، مولانا ماہر القادری، انعام الرحمٰن خان، ایم۔ ایس ناز، میاں علی بخش، پروفیسر حمید احمد خاں، خواجہ عبدالوحید، سید نذیر نیازی، سید اسعد گیلانی، ابوراشد فاروقی، ڈاکٹر محمد ریاض تہرانی، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، نعیم صدیقی، خیرات ابن رسا، م۔ش، صابر کلوروی اور خود علامہ اقبالؒ کی تحریریں جمع کی ہیں۔ معیارِ انتخاب تعمیری ہے۔ اقبال شناسی کے سلسلے میں یہ چھوٹا سا مجموعہ بہت مفید ہوگا۔

---


# اِسلامی تصوّف

سیّد احمد عروج قادری

اس کتاب میں فلسفہ یونان اور ویدانت سے متاثر تصوف کے بجائے وہ تصوف پیش کیا گیا ہے جو قرآن کریم اور احادیث نبوی میں ہے۔ اس میں صوفیہ کرام کے وہی اقوال و احوال نقل کیے گئے ہیں جو کتاب و سنّت سے متصادم نہیں ہیں۔

قیمت -/۲۷ روپے

ملنے کا پتہ

یونیورسل بکس ——— اُردو بازار۔ لاہور
مکتبہ تعمیرِ انسانیت ——— اُردو بازار۔ لاہور
الفیصل پبلشنگ کمپنی ——— اُردو بازار۔ لاہور